**First Semester Examination : OCTOBER - 2019**

**Social Science (Geography)**

| Time : 2 Hours | Std. IX | Max. Marks : 40 |
|---|---|---|

.1 : صحیح متبادل کا انتخاب کر کے درج ذیل بیانات مکمل کیجیے اور انھیں دوبارہ لکھیے۔ (04)

(i) نباتات کی جڑوں کی وجہ سے ........................... فرسودگی ہوتی ہے۔

(a) طبعی (b) کیمیائی (c) حیاتیاتی

(ii) معاشیات کی اصطلاح ........................... یونانی لفظ سے بنی ہے۔

(a) Economia (b) Oikonomia (c) Eikonomia

(iii) ندی کے دہانے پر گاد سے تیار ہونے والی مثلث نما شکل کو ........................... کہتے ہیں۔

(a) ڈیلٹا (b) سیلابی نقشہ (c) زیر زمین گڑھے

(iv) درج ذیل میں سے کون سا پہاڑ لہریے دار پہاڑ ہے؟

(a) مغربی گھاٹ (b) ہمالیہ (c) ست پڑا

.2 : درج ذیل بیانات صحیح ہیں یا غلط لکھیے۔ (04)

(i) تقسیمی نقشوں کا اہم مقصد محل وقوع دکھانا ہوتا ہے۔

(ii) ندی، برفانی ندی سے زیادہ رفتار سے بہتی ہے۔

(iii) اشتراکی معیشت کا اہم ترین مقصد نفع کمانا ہوتا ہے۔

(iv) بھارت ایک خود کفیل ملک ہے۔

.3 : ایک جملے میں جواب لکھیے: (کوئی چار) (04)

(i) زائلوں کی کون کون سی قسمیں ہیں؟

(ii) شگاف وادی سے کیا مراد ہے؟

(iii) کلی منجارو یہ آتش فشاں پہاڑ کس ملک میں ہے؟

(iv) برکس (BRICS) تنظیم کا صدر دفتر کہاں واقع ہے؟

(v) فرسودگی کی اہم قسمیں کون سی ہیں؟

Scanned by CamScanner

4. (A) : دیے گئے دنیا کے نقشے (خاکہ) میں مندرجہ ذیل کی نشاندہی کیجیے نام لکھیے اور فہرست بھی بنائیے: (کوئی چار) (04)

(1) ماؤنٹ فیجی (2) بحیرۂ مردار (3) ماؤنٹ ویسوویس

(4) کریکاٹووا (5) ماؤنٹ کلی منجارو (6) وسطی اٹلانٹک زلزلے کا علاقہ

4. (B) : درج ذیل نقشے کا بغور مشاہدہ کرکے نیچے دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے: (کوئی چار) (04)




سوالات:

(i) آبادی کی کثافت کس سمت میں کم ہے؟

(ii) ۲۰۰ سے کم رقبے والے تعلقے کون سے ہیں؟

Scanned by CamScanner

(iii) ۴۰۰ سے زیادہ آبادی کے رقبے والے تعلقے کون سے ہیں؟

(iv) ۲۰۱ سے ۴۰۰ گنجان رقبے والے تعلقوں کے نام لکھیے۔

(v) زیادہ گنجان آبادی والے علاقے ضلع کے کس سمت میں ہیں؟

.5 : مندرجہ ذیل کے جغرافیائی وجوہات لکھیے: (کوئی دو) (06)

(i) میگھالیہ کی اور دکن کی سطح مرتفع کے وجود میں فرق ہے۔

(ii) کیمیائی فرسودگی میں پانی کا کردار اہم ہوتا ہے۔

(iii) سطح زمین پر زمین کی نئی نئی شکلیں بنتی رہتی ہیں۔

(iv) آتش فشانی عمل سے زلزلہ آسکتا ہے۔

.6 (A) : مندرجہ ذیل اعداد و شمار کی مدد سے سادہ ستونی ترسیم بنائیے اور ذیل کے سوالوں کے جواب لکھیے۔ (06)

| ملک | برآمدی قدر | درآمدی قدر |
|---|---|---|
| چین | 2143 | 1950 |
| بھارت | 272 | 380 |
| برازیل | 190 | 241 |
| ریاست ہائے متحدہ امریکہ | 1510 | 2380 |

سوالات:

(i) سب سے زیادہ اشیا درآمد کرنے والا ملک اور برآمد کرنے والا ملک کون کون سے ہیں؟

(ii) "موافق تجارتی توازن" والا ملک کون سا ہے؟ کیوں؟

(iii) "غیر موافق تجارتی توازن" والے ممالک کون سے ہیں؟

**یا**

Scanned by CamScanner

(B) : مختصر جواب لکھیے: (کوئی تین) (06)

(i) فرسودگی اور تودوں کی جھیج کا فرق واضح کیجیے۔

(ii) علاقائی سیر کی پیشگی تیاری میں کن باتوں کو شامل کرنا چاہیے۔

(iii) بھارت کی معیشت مخلوط نوعیت کی ہے۔ وضاحت کیجیے۔

(iv) نمک کے ستون کہاں اور کس عمل کی وجہ سے تیار ہوتے ہیں؟

7. : مندرجہ ذیل کے مفصل جواب لکھیے: (کوئی دو) (08)

(i) دائرے میں دیے ہوئے سوالیہ نشان کی جگہ مناسب معلومات درج کر کے معیشت کی اقسام کی وضاحت کیجیے۔




(ii) کیمیائی فرسودگی سے کیا مراد ہے؟ اس میں کون کون سے اعمال شامل ہوتے ہیں؟

(iii) تقسیمی نقشوں کا استعمال اور اس کی قسمیں واضح کیجیے۔

(iv) نوٹ لکھیے: ندی کی عریاں کاری

Scanned by CamScanner